www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



خواجہ عبد المنان راز ایم اے

# تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب : سیرت سید العالمین صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف : مولانا احمد دین گکھڑوی

ناشر : سکول بک ڈپو، اردو بازار، گوجرانوالہ

ضخامت : ۱۷۶ صفحات

قیمت : ایک روپیہ ۵۰ پیسے

مولانا احمد دین گکھڑوی کا نام مناظر اسلام کی حیثیت سے دینی حلقوں میں خاصا معروف ہے۔ انہوں نے قیام پاکستان سے پہلے عیسائیت کے علاوہ شرک و بدعت کے خلاف اسلام کی ترجمانی اور دفاع میں بڑے معرکہ آرا مناظروں میں حصہ لیا ہے اور اسلام کی حقانیت کا پرچم بلند کرنے میں بڑھ چڑھ کر کام کیا۔ "سیرت سید العالمین" (صلی اللہ علیہ وسلم) ان کی مناظرانہ انداز کی تصنیف ہے اس میں انہوں نے پادری ٹھاکر داس کی رسوائے زمانہ کتاب "سیرۃ المسیح" کا تحقیقی جائزہ لے کر رسالت مآب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی پر کیے جانے والے اعتراضات اور بہتانات کا مدلل اور معقول جواب دیا ہے، کہ عشقِ محمدی اور غیرتِ دینی کا یہی تقاضا تھا۔

پادری ٹھاکر داس نے اپنی کتاب میں حضرت عیسٰی علیہ السلام کے مقام اور مرتبہ کو اولی و ارفع ثابت کرنے کے لیے نہ صرف یہ کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پر الزامات و بہتانات کے زہر بھرے تیر برسائے بلکہ اندازِ بیاں اور انتخابِ الفاظ ایسا ناشائستہ اور غیر مہذبانہ ہے کہ خون کھول اٹھتا ہے — مولانا احمد دین صاحب نے اپنی مذکورہ کتاب میں جہاں حضور پاک پر کیے جانے والے اعتراضات



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ